SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

April 13, 2018

For immediate release

الیکٹرانک آئی پی او کے ذریعے حصص خریداری میں نمایاں اضافہ: ایس ای سی پی

اسلام آباد(اپریل 13) پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ میں الیکٹرانک آئی پی او کے متعارف ہونے کے بعد سے سرمایہ کار ترجیحی طور پر آن لائن ذریعے سے حصص کی عوامی پیشکش میں حصہ لے رہے ہیں۔ کمپنیوں کی جانب سے پیش کئے گئے گزشتہ چھ آئی پی اوز میں الیکٹرانک ذریعے سے شامل ہونے والوں کی تعداد کی شرح اعشاریہ دو فیصد سے بڑھ کر 14.6 فیصد ہو گئی ہے۔ خاص طور پر حال ہی میں عوامی فروخت کے لئے پیش کئے گئے ٹی ایف سی کے حصص کی خریداری کے لئے 54 فیصد سرمایہ کاروں نے الیکٹرانک آئی پی او کے ذریعے شیئرز کی خریداری کے لئے درخواستیں دیں۔

پاکستان کی کیپیٹل میں الیکٹرانک آئی پی او کا سینٹرلائزڈ نظام نافذ ہونے سے سرمایہ کاروں کو کمپنیوں کے حصص کی ابتدائی عوامی پیشکش میں شامل ہونے اور شیئرز خریدنے کا ایک جدید اور آسان طریقہ کار میسر ہوا ہے۔ آئی پی او کے اس جدید سسٹم کے ذریعے صارفین گھر بیٹھے عوامی فروخت کے لئے پیش کئے گئے حصص کی خریداری کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اب انہیں شیئرز کی خریداری کی درخواست کے لئے بینکوں میں لمبی قطاروں میں کھڑے ہونے کی ضرورت نہیں رہی۔

دلچسپی رکھنے والے سرمایہ کار جو کہ قومی شناختی کارڈ کے حامل ہیں اور ان کا کسی بھی شیڈول بینک میں اکاونٹ ہو، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی کے ساتھ آن لائن رجسٹریشن حاصل کر سکتے ہیں۔ سی ڈی سی کے ساتھ رجسٹریشن کی یہ سہولت ویب سائٹ www.cdceipo.com پر چوبیس گھنٹے سات دن دستیاب ہے۔ سی ڈی سی کے ای آئی پی او سے رجسٹرڈ افراد کسی بھی بینکنگ چینل کے ذریعے جیسے کہ اے ٹی ایم، انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل ایپ اور بینک کے کاونٹر پر جا کر حصص کی عوامی پیشکش میں شامل ہو سکتے ہیں۔

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، ون لنک گارنٹی لمیٹڈ، ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک آف پاکستان الیکٹرنک آئی پی او نظام کے اہم شراکت دار ہیں۔ الیکٹرانک آئی پی او کی ترویج اور اس سہولت سے آگہی فراہم کرنے کے لئے ایس ای سی پی تسلسل سے مہم چلا رہا ہے تاکہ اس کا دائرہ کار وسیع کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں اور سرمایہ کاری میں حصہ لیں۔